تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

February 25, 2025

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے آزاد فائر فائٹنگ ڈرون 'فائر ایکس' نے 'انوویشن، ڈیزائن اور انٹر پرینورشپ (آئی ڈی ای) بوٹ کیمپ' مقابلے میں پہلا انعام جیتا

جامعہ ملیہ اسلامیہ کو یہ اطلاع دیتے ہوئے بے انتہا مسرت ہورہی ہے کہ شعبہ میکانیکل انجینرنگ کے طلبہ پر مشتمل ایک ٹیم نے انوویشن، ڈیزائن اور انٹر پرینورشپ (آئی ڈی ای) بوٹ کیمپ'' کے کل ہندنوعیت کے مقابلے میں پہلا انعام حاصل کیا ہے۔ واضح رہے اے آئی سی ٹی ای اور وزارت تعلیم ،حکومت ہند کی انوویشن سیل یہ پروگرام منعقد کراتا ہے۔ مقابلہ سترہ فروری سے اکیس فروری دو ہزار پچیس کو جموں آئی آئی ٹی میں ہوا تھا جس میں ملک بھر سے چالیس ٹیموں نے حصہ لیا تھا۔

'آئی ڈی ای بوٹ کیمپ' کی پہل عزت مآب وزیر اعظم جناب نریندر مودی کا تصور ہے جس کا مقصد اعلی تعلیمی اداروں اور اسکولوں سے اختراعیت، ڈیزائن اور اختراعی طلبہ کی کارجویائی کی صلاحیتوں کو نکھارنا اور صیقل کرنا ہے۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ کی ٹیم کی سربراہی محترمہ عفاف صدیقی کررہی تھیں اوران کے ہمراہ چار اضافی ارکان وکاس، وویک کمار امان حسن فاروقی اور محمد ساحل خان بھی تھے۔ یہ سبھی بی ٹیک (میکانیکل انجینرنگ) چھٹے سمسٹر کے طلبہ ہیں۔ پروفیسر ایس۔ ایم۔ مذکر کی رہنمائی وسرپرستی میں ٹیم نے تصور پیش کیا، اس کا خاکہ تیار کیا اور 'فائر ایکس' نام کا ایک آزاد فائر فائٹنگ ڈرون تیار کردیا۔

ٹیم نے شیخ الجامعہ پروفیسر مظہر آصف کی مثالی قیادت اوران کے وژن کا مخلصانہ شکریہ ادا کیا۔ اختراعیت اور افضلیت کی نشوونما اور اس کا بیج بونے کے تئیں ان کے عہد نے اس کامیابی کے حصول میں ٹیم کی رہنمائی میں غیر معمولی رول ادا کیا ہے۔

شیخ الجامعہ نے مقابلے میں غیر معمولی مظاہرے کے لیے فاتح ٹیم کے ارکان کو ان کے نگراں کو مبارک باد دی اور مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

ٹیم نے ضروری تعاون، سرپرستی اور ڈھانچہ جاتی سہولیات فراہم کرنے کے لیے صدر شعبہ میکانیکل انجینئرنگ اور ڈین ،فیکلٹی آف انجینرنگ اور سینٹر فار انوویشن اینڈ انٹر پرینیورشپ، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے ڈائریکٹر کا شکریہ ادا کیا۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی